بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

## حرفِ اوّل

مطالعہ قرآن حکیم کے منتخب نصاب کے دروس کی "حکمت قرآن" میں سلسلہ وار اشاعت بفضلہ تعالیٰ پابندی کے ساتھ جاری ہے۔ زیر نظر شمارے میں سورۃ التغابن کے درس کا نصف اول شائع کیا گیا ہے جو اس منتخب نصاب میں آٹھویں سبق کے طور پر شامل ہے۔ یہ سورۂ مبارکہ جو دو رکوعوں پر مشتمل ہے، ایمانیاتِ ثلاثہ کے بیان اور ایمان کے ثمرات و مضمرات کی وضاحت کے اعتبار سے قرآن حکیم کی منفرد، نہایت مؤثر اور جامع ترین صورت ہے۔

منتخب نصاب کے ضمن میں اس سے قبل قرآن حکیم کے درج ذیل مقامات کے دروس "حکمت قرآن" میں شائع کئے جا چکے ہیں: ۱) سورۃ العصر، ۲) آیۃ البر (یعنی سورۃ البقرہ کی آیت نمبر ۱۷۷)، ۳) سورۃ لقمان کا دوسرا رکوع، ۴) سورۃ حم السجدہ کی آیات ۳۰ تا ۳۶، ۵) سورۃ الفاتحہ، ۶) سورۂ آل عمران کے آخری رکوع کی ابتدائی آیات، اور ۷) سورۃ النور کا پانچواں رکوع۔ ان میں سے پہلے چار اسباق کو جامع اسباق کا عنوان دیا گیا ہے، یعنی وہ اسباق جن میں اخروی نجات و فلاح کے جملہ لوازم جامعیت کے ساتھ سموئے گئے ہیں، جبکہ بعد کے تین اسباق "ایمان" کے مباحث پر مشتمل ہیں کہ جو لوازم نجات میں اہم ترین اور مقدم ترین لازمہ کی حیثیت رکھتا ہے ـــــ قبل ازیں شائع کئے جانے والا ہر سبق قارئین کی سہولت کی خاطر مکمل حالت میں "حکمت قرآن" میں شائع کیا گیا، تاہم سورۃ التغابن کے درس کی طوالت کے پیش نظر اسے دو اقساط میں تقسیم کرنا ناگزیر تھا۔ اس درس کا نصف ثانی ان شاء اللہ العزیز اگلے پرچے میں شائع کر دیا جائے گا۔

ہم اس امر کا اہتمام بھی کر رہے ہیں کہ "حکمت قرآن" میں شائع ہونے والے ان دروس کو ساتھ کے ساتھ کتابی صورت میں بھی شائع کر دیں ـــــ قارئین کو یہ جان کر خوشی ہو گی کہ ابتدائی چار دروس (یعنی سورۃ العصر، آیۃ البر، سورۃ لقمان کا دوسرا رکوع اور سورۃ حم السجدہ کی ۷ آیات) کتابچوں کی صورت میں شائع کئے جا چکے ہیں اور مکتبہ انجمن سے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

دیگر دروس بھی ان شاء اللہ بہت جلد کتابچوں کی صورت میں دستیاب ہو سکیں گے۔

السَّعیُ مِنّا وَالاِتمامُ مِنَ اللّٰہ

© rasailojaraid.com